# TERMS AND CONDITIONS - ALFA TERM DEPOSIT - ISLAMIC

I ("Customer") do hereby agree and accept to be bound by the following Terms and Conditions for this "ALFA Term Deposit - Islamic" in addition to the Terms and Conditions already accepted and agreed by me governing the Account(s) provided by the Bank Alfalah Limited ("Bank").

1. The relationship between the Bank and the Customer with respect to all profit bearing deposits shall be based on the principles of Mudarabah, where Customer is the Rab-ul Maal and the Bank is the Mudarib.
2. The Bank as Mudarib may invest or disinvest, at its sole discretion, amounts/deposits received by it from the Customers in any of the businesses (businesses, transactions, and products) of the Bank as it deems appropriate under the products and avenues approved by Shariah Board of the Bank.
3. The Bank may commingle customer funds with other depositor's funds, including the current deposits within the Mudarabah pool as and when required.
4. All deposit categories shall be assigned weightages. Weightages for every month or any interval decided by the Bank shall be finalized and announced three working days before the start of the month, and sheet containing weightages for the month shall be available on Alfa app and Bank's website.
5. Bank shall share in the profit on the basis of a predetermined percentage of net income of the pool according to the profit sharing ratio between the Bank and its Customers determined for the Month or any interval decided by the bank. The net income of the pool is defined as gross income of the pool less direct expenses, write offs and losses of investments incurred in deriving that income. Bank's share may vary from time to time and shall be announced through the weightages sheet of the respective months.
6. The Bank may at its option also participate in the business as an investor.
7. ALFA Term Deposit – "Islamic" Deposits shall be subject to the profit or loss (PLS) basis.
8. Based on profit/loss from its operations/investments, The Bank shall determine the rate of profit to be paid to the Customer on monthly rests, and/or any other interval prescribed by the Bank from time to time as per announced profit sharing ratios and weightages.
9. Principal amount along with profit shall be credited, upon maturity, into same originating / source account from where Term Deposit was booked on the date of maturity.
10. In the event of loss on either the capital or revenue account in respect of the business, all investors of the investment pool shall share in such loss on a prorata basis proportionate to their investment.
11. In case loss is incurred by the business and is caused by gross negligence or willful default of the Bank, the Customers will not be liable to share in such loss as contemplated by the preceding clause.
12. The method of calculating any return under the profit and loss sharing scheme is governed by the prevailing regulations/directives of the State Bank of Pakistan issued from time to time.
13. Any amount allocated as profit/loss by the Bank shall be final and binding on all Customers.

14. At the time of maturity of term deposits, the profit for the final month shall be calculated as per last month's declared profit rates.
15. In case of premature encashment, profit will be payable for the term completed at the rate applicable to such term. Any excessive amount paid on account of profit will be adjusted at the time of encashment. Bank's decision in this regard shall be final and binding on the Customer.
16. ALFA Term Deposit – Islamic, under the Bank's various schemes are accepted by the Bank from Alfa App customers registered via core banking account.
17. ALFA Term Deposit - Islamic are accepted for one month, three months, six months and one year. Tenures are subject to revision as per Bank's discretion.
18. ALFA Term Deposit - Islamic can be booked with a minimum of PKR 500, there is no limit on total booking amount however, per booking cap is PKR 500 Million.
19. All rates are quoted on Annual Percentage Rate (APR) basis.
20. Rate offered on rollover shall be as per the prevailing Weightages of deposit.
21. Pre-mature encashment will be done through ALFA app as per prevailing premature encashment policy of the Bank.
22. If Term deposits are booked after branch working hours then profit calculation will start from the next working day due to End of Day (EOD) utility run of the Core Banking System.
23. If Term deposits are booked on a non-working day, or public holiday via Alfa, then profit calculation will-start from the next working day due to End of Day (EOD) utility run of the Core Banking System..
24. Zakat, if applicable, will be deducted as per admissible rules.
25. TDRs booked on holidays or non-banking hours will be booked on next working day on prevailing weightages and can only be encashed on the next working day as well.
26. TDRs booked on rollover instructions with rollover dates falling on holidays will be automatically rolled over 48 hours before holidays and can only be encashed on the next working day.
27. TDRs booked on rollover instructions can only be encashed any time before 48 hours from rollover date. Once the TDR is rolled over it can be encashed.
28. Maturity instructions for TDRs booked on rollover can only be changed any time before 48 hours from rollover date.
29. Alfa Term Deposit will be subject to any taxes applicable by the Government from time to time including Withholding tax on profit disbursal as per the criteria defined by Federal Board of Revenue
30. The Customer(s) undertakes to abide by the requirements of the prevention of money laundering act/policy and FATCA/CRS Regulations in place.
31. Term Deposits are subjected to and governed by all applicable laws of Pakistan including rules, regulations and circulars issued by the State Bank of Pakistan from time to time.

32. The Customer(s) acknowledges by accepting the Terms and Conditions that he/she has read and understood and agree to bound by these terms and conditions and any changes, modifications made thereto by the Bank.
33. These terms and conditions shall be legally binding and shall be construed in accordance with the laws of Pakistan and all disputes/issues arising from these terms and conditions shall be adjudicated by the Courts of Pakistan.
34. Prevailing weightages will apply at the time of booking for all scheduled term deposits.
35. Customer is to ensure his/her account is funded a day before scheduled term deposit.
36. Booking of scheduled term deposits will be executed daily. In case of insufficient funds, a minimum of 3 re-attempts will be executed. In case of failure, the scheduled request will be marked as disabled.
37. Bank has the discretion to amend the number of re-attempts for scheduling term deposit.
38. In case scheduled term deposit is not booked due to any reason, beyond bank's control, the bank will not be liable for any loss or extra profit payment to the customer.

Bank Alfalah
Islamic

**شرائط و ضوابط ایلفا ٹرم ڈپازٹس۔ اسلامک**

میں ("صارف") متفق ہوں اور قبول کرتا/کرتی ہوں کہ میں "ایلفا ٹرم ڈپازٹ۔ اسلامک" کی درج ذیل شرائط و ضوابط کا/کی پابند رہوں گا/گی جو کہ ان شرائط و ضوابط کے علاوہ ہیں جو بینک الفلاح لمیٹڈ ("بینک") کی طرف سے فراہم کردہ اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) پر لاگو ہوتی ہیں اور میں پہلے ہی جن کو قبول اور تسلیم کر چکا ہوں /کر چکی ہوں۔

1۔ تمام منافع بخش ڈپازٹس کے لحاظ سے بینک اور صارف کے درمیان تعلقات مضاربہ کے اصولوں پر مبنی ہوں گے، جس میں صارف رب المال اور بینک مضارب ہے۔

2۔ بینک بطور مضارب اپنی صوابدید پر صارف کی طرف سے وصول کردہ رقوم/ڈپازٹس کی کسی بھی کاروبار (کاروباروں، ٹرانزیکشنز اور پراڈکٹس) میں سرمایہ کاری کر سکتا ہے یا اس سے علیحدہ ہو سکتا ہے، جیسا وہ بینک کے شریعہ بورڈ سے منظور کردہ پراڈکٹس اور ایوینیوز کے تحت مناسب سمجھے۔

3۔ بینک صارف کے فنڈز کو دیگر ڈپازٹرز کے فنڈز، بشمول مضاربہ پُول میں کرنٹ ڈپازٹس میں ملا سکتا ہے جب اور جیسے درکار ہو۔

4۔ تمام ڈپازٹ کیٹگریز کے ویٹیجز مقرر کیے جائیں گے۔ ہر ماہ یا کسی بھی مدت کے لیے ویٹیجز کا فیصلہ بینک کرے گا جو حتمی ہو گا اور مہینہ شروع ہونے سے تین کاروباری دن قبل اس کا اعلان کیا جائے گا اور ان ویٹیجز کی شیٹ ایلفا ایپ اور بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب ہو گی۔

5۔ بینک کی طرف سے فیصلہ کیے گئے ماہ یا کسی بھی مدت کے آغاز میں بینک اور صارف کے درمیان تعین کردہ پروفٹ شیئرنگ کے تناسب کے مطابق پُول کی خالص آمدنی کا پہلے سے تعین کردہ فیصد کی بنیاد پر بینک پرافٹ میں شیئر کرے گا۔ پُول کی خالص آمدنی کا تعین پُول کی مجموعی آمدنی میں سے براہ راست اخراجات، رائٹ آف اور سرمایہ کاری کے نقصانات کو منہا کر کے کیا جا تا ہے۔ بینک کا شیئر وقتاً فوقتاً بدل سکتا ہے اور اس کا اعلان متعلقہ ماہ کی ویٹیجز شیٹ کے ذریعے کیا جائے گا۔

6۔ بینک اپنی مرضی سے کاروبار میں بحیثیت سرمایہ کار شریک ہو سکتا ہے۔

7۔ ایلفا ٹرم ڈپازٹس۔ اسلامک کے ڈپازٹس نفع یا نقصان سے مشروط ہوں گے۔

8۔ بینک اپنے آپریشنز /سرمایہ کاریوں سے نفع /نقصان کی بنیاد پر منافع کی شرح کا تعین کرے گا جو کہ بینک کی طرف سے وقتاً فوقتاً اعلان کردہ ماہانہ اور/یا کسی دیگر مدت کی بنیاد پر صارف کو ادا کیا جائے گا۔

9۔ اصل رقم بمع منافع میچورٹی پر اسی اکاؤنٹ میں کریڈٹ کر دیا جائے گا جس اکاؤنٹ سے رقم ڈپازٹ کی گئی تھی۔

10۔ نقصان کی صورت میں، چاہے وہ کیپٹل میں ہو یا ریونیو اکاؤنٹ میں، انوسٹمنٹ پُول کے تمام سرمایہ کار یہ نقصان اپنی سرمایہ کاری کے حساب سے برداشت کریں گے۔

11۔ اگر کاروبار سے نقصان ہوا ہے اور بینک کی سنگین غفلت یا دانستہ طور پر ڈیفالٹ کی وجہ سے ہوا ہے، تو صارفین اس نقصان میں حصہ لینے کے ذمہ دار نہیں ہوں گے جیسا کہ سابقہ شق میں بتایا گیا ہے۔

12۔ پرافٹ لاس شیئرنگ اسکیم کے تحت کسی بھی منافع کا حساب مروجہ ضابطوں اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ ہدایات کے مطابق لگایا جا تا ہے۔

13۔ بینک کی طرف سے بطور نفع /نقصان مختص کی گئی کوئی بھی رقم حتمی ہو گی اور صارفین کے لیے قابلِ پابند ہو گی۔

14۔ ٹرم ڈپازٹس کی میچورٹی کے وقت، آخری ماہ کے پروفٹ کا حساب گزشتہ ماہ کے اعلان کردہ پروفٹ ریٹ کے مطابق لگایا جائے گا۔

15۔ قبل از وقت رقم نکلوانے پر مکمل شدہ مدت کا پرافٹ اس مدت کے لیے قابلِ اطلاق شرح پر ادا کیا جائے گا۔ پرافٹ کے زمرے میں ادا کی گئی کوئی بھی اضافی رقم انکیشمنٹ کے وقت ایڈجسٹ کی جائے گی۔ اس سلسلے میں بینک کا فیصلہ حتمی اور صارف کے لیے قابلِ پابند ہو گا۔

16. بینک کی کئی اسکیمز کے تحت ایلفا ٹرم ڈپازٹس اسلامک، بینک کے ایلفا ایپ کے صارفین جو کور بیننگ اکاؤنٹ کے ذریعے رجسٹر ہیں، کی طرف سے قبول کی جاتی ہیں۔

17. ایلفا ٹرم ڈپازٹس اسلامک ایک ماہ، تین ماہ، چھ ماہ اور ایک سال کے لیے قبول کیے جاتے ہیں۔ یہ مدت بینک کی صوابدید کے مطابق تبدیلی سے مشروط ہیں۔

18. ایلفا ٹرم ڈپازٹ اسلامک کو کم سے کم 500 روپے سے بک کیا جا سکتا ہے، زیادہ سے زیادہ مجموعی رقم کی کوئی حد نہیں- تاہم فی بُکنگ پر 500 ملین روپے کی حد لاگو ہے

19. تمام شرحیں، سالانہ فیصد شرح کی بنیاد پر پیش کی جائیں گی۔

20. رول اوور پر پیش کردہ شرحیں بینک کی اس وقت مروجہ ڈپازٹ کے ویٹیجز کے مطابق ہوں گی۔

21. مدت ختم ہونے سے پہلے رقم ایلفا ایپ کے ذریعے نکالی جا سکیں گی جو بینک کے مروجہ پری میچور انکیشمنٹ پالیسی کے مطابق ہوں گی۔

22. اگر ٹرم ڈپازٹس برانچ کے اوقات کار کے بعد بُک کیے گئے ہیں تو کور بینکنگ سسٹم کے اوقات کار ختم ہونے کے باعث منافع کا حساب اگلے کاروباری دن پر لگایا جائے گا ۔

23. اگر ٹرم ڈپازٹس بذریعہ الفا کسی چھٹی کے دن یا عام تعطیل کے دن بُک کیے گئے ہیں تو کور بینکنگ سسٹم کے اوقات کار ختم ہونے کے باعث منافع کا حساب اگلے کاروباری دن پر لگایا جائے گا ۔

24. زکوٰۃ، اگر قابل اطلاق ہو تو، قابل قبول قواعد کے مطابق کٹوتی کی جائے گی۔

25 ۔ تعطیلات یا غیر بینکنگ اوقات میں بک کیے گئے ٹی ڈی آر کو مروجہ ویٹیجز پر اگلے کاروباری دن بک کیا جائے گا اور صرف اگلے کاروباری دن ہی انکیش کیا جا سکتا ہے۔

26 ۔ تعطیلات پر آنے والی رول اوور تاریخوں کے ساتھ رول اوور ہدایات پر بک کیے گئے ٹی ڈی آرز تعطیلات سے 48 گھنٹے پہلے خود بخود رول اوور ہو جائیں گے اور صرف اگلے کاروباری دن پر ہی انکیش کیے جا سکتے ہیں۔

27 ۔ رول اوور کی ہدایات پر بک کیے گئے ٹرم ڈپازٹس کو رول اوور کی تاریخ سے 48 گھنٹے پہلے کسی بھی وقت انکیش کیا جا سکتا ہے۔ ٹی ڈی آر کو رول اوور کرنے کے بعد اسے انکیش کیا جا سکتا ہے۔

28 ۔ رول اوور پر بک کی گئی ٹرم ڈپازٹ کے لیے میچورٹی ہدایات رول اوور کی تاریخ سے 48 گھنٹے پہلے کسی بھی وقت تبدیل کی جا سکتی ہیں۔

29. الفا ٹرم ڈپازٹس حکومت کی طرف سے وقتاً فوقتاً قابل اطلاق کسی بھی قسم کے ٹیکس سے مشروط ہونگے ، جن میں منافع پر ودہولڈ نگ ٹیکس شامل ہے جو فیڈرل بورڈ آف ریوینیو کے بتائے ہوئے معیار کے مطابق ہے ۔

30. صارف (صارفین) اقرار کرتا ہے/ کرتی ہے/ کرتے ہیں کہ وہ منی لانڈرنگ ایکٹ / پالیسی اورFATCA / CRS قوانین کا پابند رہے گا / رہے گی / کے پابند رہیں گے۔

31. ٹرم ڈپازٹس ، پاکستان کے تمام قابل اطلاق قوانین ، بشمول اصولوں ، ضابطوں اور سرکیولرز جو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری کیے گئے ، سے مشروط اور منظم ہیں ۔

32. صارف (صارفین ) شرائط و ضوابط کو قبول کر کے یہ تسلیم کرتا ہے / کرتی ہے / کرتے ہیں کہ وہ انھیں پڑھ اور سمجھ چکا ہے / چکی ہے / چکے ہیں اور ان شرائط و ضوابط اور بینک کی طرف سے کی گئی کوئی بھی تبدیلی / ترامیم کا / کے پابند ہونے سے متفق ہوں / ہیں ۔

33. یہ شرائط و ضوابط قانونی طور پر قابلِ پابند ہوں گی اور پاکستان کے قوانین کے مطابق ترتیب دی جائیں گی اور ان شرائط و ضوابط کے حوالے سے تمام تنازعات/مسائل کو پاکستان کی عدالت کی طرف سے حل کیا جائے گا۔

34 ۔ موجودہ منافع کی شرحیں تمام شیڈول ٹرم ڈپازٹس کی بکنگ کے وقت لاگو ہوں گی۔

35 - صارف کو یقینی بنانا ہے کہ اس کے اکاؤنٹ کو شیڈول ٹرم ڈپازٹ سے ایک دن پہلے فنڈ کیا جائے -

36- شیڈول ٹرم ڈپازٹس کی بکنگ روزانہ کی جائے گی۔ ناکافی فنڈز کی صورت میں، کم از کم 3 بار کوششیں کی جائیں گی۔ ناکامی کی صورت میں، شیڈول درخواست کو غیر فعال قرار دیا جائے گا۔

37- بینک کے پاس یہ اختیار موجود ہے کہ وہ ٹرم ڈپازٹ شیڈول کرنے کی دوبارہ کوششوں کی تعداد میں تبدیلی کرے۔

38- بینک کے کنٹرول سے باہر کسی بھی وجہ سے شیڈول ٹرم ڈپازٹ بک نہ ہونے کی صورت میں، بینک صارف کو کسی نقصان یا اضافی منافع کی ادائیگی کرنے کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔